تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

نام کتاب : تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات
تالیف : مولانا حافظ شوکت علی
صفحات : 178
قیمت : ۳۰ روپے
ملنے کا پتہ : موتمر المصنفین دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

وہ آیات کریمہ اور احادیث نبویہؐ جس میں امت مسلمہ کو دعوت الی اللہ اور فریضہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی ادائیگی کے بارے میں ارشاد فرمایا گیا ہے۔ اپنی عمومیت کے اعتبار سے امت کے ہر فرد خواہ مرد ہو یا عورت دونوں کو متوجہ ہیں۔ اور جس طرح کہ ایک مرد ایمان و یقین کی محنت اور اصلاح عقائد و اعمال کو محتاج ہے اس طرح عورتوں کو بھی ایمان و عمل کی پختگی، اسلامی اطوار پر عمل پیرا ہونے، رسومات سے اجتناب اور اقوال و افعال کی اصلاح کی ضرورت ہے۔ اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے تبلیغی جماعت والوں نے مستورات کی تبلیغ کا پروگرام ترتیب دیا ہے۔ اور اس کے لئے کڑی شرائط اور سخت اصول وضع کئے۔ جس سے بحمد للہ بہترین نتائج سامنے آئے ہیں۔ چونکہ یہ کام انتہائی احتیاط اور حزم کا متقاضی ہے اور موجودہ پُر فتن دور میں جبکہ ہر سو فساق و فجار اور اوباش و مادر پدر آزاد نوجوانوں کے غول کے غول دندناتے پھر رہے ہیں۔ اندریں حالات خدانخواستہ اگر کوئی نازیبا حرکت صادر ہو جائے یا کوئی ایسا حادثہ پیش آجائے جس سے دین اور اہل دین کو نقصان پہنچ جانے کا خدشہ ہو تو اس سے نہ صرف یہ خالص دینی اصلاحی اور دعوتی تحریک بدنام ہو جائیگی بلکہ اس کا اثر مرد حضرات کی دعوت و تبلیغ پر بھی پڑ جائیگا۔ اس لئے مختلف حضرات کی طرف سے بعض خدشات کا اظہار کیا گیا اور اس بارے میں مختلف استفسارات سامنے آئے۔ زیر تبصرہ کتاب میں فاضل مرتب مولانا حافظ شوکت علی صاحب نے جامعہ حقانیہ کے اکابر و مشائخ اور علما و اساتذہ کے تبلیغ مستورات کے فتوے کے بارے میں ارشادات ہے اور ملفوظات قلمبند کئے ہیں۔ اس کے علاوہ ملک کے دیگر علماء و مشائخ حضرات اور مفتیان عظام کے فتاویٰ یکجا کئے ہیں جس سے ان تمام خدشات کا قلع قمع کیا گیا ہے جو تبلیغ مستورات کے متعلق ظاہر کئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں دعوت و تبلیغ کی اہمیت و افادیت پر انتہائی قیمتی مواد مختصر مگر جامع کتاب